
| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **مضمون:** | اردو | **جماعت:** | نرسری گیارھواں ہفتہ | **موضوع:** | حرف ‘د’ | **دن:** | پہلا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف ‘د’ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/ بناوٹ سے ‘د’ لکھ سکیں۔ حرف ‘د’ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ”حروف تہجی اردو کے“ نظم سنائی جائے گی اور ‘ا سے لے کر خ’ تک کا درست تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ<br>حرف اور اشیاء | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ‘د’ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف**<br>معلمہ تختہ سیاہ/ سفید پر ا، آ، د، ڈ، ذ، ر، ڑ، ز، ژ، و لکھے گی پھر بچوں کو کہے گی کہ میرے ساتھ یہ حروف پڑھیں۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ان حروف کو ”شرارتی نو“ کہتے ہیں۔ یہ اپنے سے بعد آنے والے حروف کے ساتھ نہیں ملتے اور اپنی شکل تبدیل نہیں کرتے، اس لیے ان کی آدھی شکل نہیں ہوتی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ‘د’ حروف تہجی کا بارھواں حرف ہے۔ اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ‘د’ کے ذخیرہ الفاظ دوات، دیوار، درخت اور درزی کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف ‘د’ پر کوئی نقطہ نہیں ہوتا۔ تختہ سفید/ سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی۔ جس پر بچوں کو حرف ‘د’ لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔ اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف ‘د’ لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 63 کھولنے کو کہا جائے گا۔ ‘د’ پر انگلی پھیرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ‘د’ کی آدھی شکل ہوتی ہے یا نہیں۔ تصاویر کے ذریعے ‘د’ سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے۔ بچوں کو کتاب صفحہ 64 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں۔ دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ اور حرف ‘د’ کو اس سے بننے والے الفاظ سے ملانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر<br>63, 64 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف ‘د’ کی صوتی آواز اور درست تلفظ پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری گیارھواں ہفتہ | موضوع: | حرف ’ڈ‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف ’ڈ‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت/ بناوٹ سے ’ڈ‘ لکھ سکیں۔ حرف ’ڈ‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’’حروفِ تہجی اُردو کے‘‘ نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو ’ڈ‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا درست تلفظ صوتی آواز اور نقطے پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو ’ڈ‘ کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو دوائی کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ دوائی ہے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم دوائی کب استعمال کرتے ہیں؟ ہمیں کون دوائی دیتا ہے؟ اور دوائی کھانے سے کیا ہوتا ہے؟ بچوں کو ’ڈ‘ کے مزید الفاظ بتائے جائیں گے (دادا، دادی، دائرہ، دلیہ) بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف ’ڈ‘ کی شکل بنوایئے اور بار بار دہرائی کروایئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف ’ڈ‘ اور اس سے شروع ہونے والی تصاویر اور دوسری تصاویر ایک دائرے والے فلیش کارڈ کی صورت میں دی جائیں گی۔ اور اُن کو کہا جائے گا کہ Peg کو صرف حرف ’ڈ‘ سے شروع ہونے والی اشیاء پر لگا دیں۔ بچوں کو کتاب صفحہ 65 کھولنے کو کہا جائے گا۔ ’ڈ‘ پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ ہوا میں حرف ’ڈ‘ لکھنے کی مشق کریں۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 66 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ (حرف اور اشیاء)<br>گول فلیش کارڈ اشیاء کی تصاویر کے ساتھ<br><br>ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ڈ‘ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری گیارھواں ہفتہ | موضوع: | حرف ’ڈ‘ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ڈ‘ کا درست تلفظ صوتی آواز پہچان سکیں۔ درست ساخت / بناوٹ سے ’ڈ‘ لکھ سکیں۔اس کے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف ’ذ‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ<br>حرف اور اشیاء | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’ڈ‘ کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ شرارتی نوکون سے حروف ہوتے ہیں اور انہیں کیوں شرارتی نو کہتے ہیں؟ بچوں کو حرف ’ڈ‘ کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’ڈ‘ کریں گے۔’ڈ‘ شرارتی نو ہے۔اس کی آدھی شکل نہیں ہوتی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ یہ حروف تہجی کا تیراھواں حرف ہے۔اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہم ’ڈ‘ کے ذخیرہ الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ’ڈ‘ کے اوپر ایک چھوٹی سی ’ط‘ ہوتی ہے۔تختہ سفید/ سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی جس پر بچوں کو ’ڈ‘ لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں سے بورڈ پر ’ڈ‘ لکھوایا جائے گا۔ | 10 منٹ | کتاب صفحہ<br>67,68 | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 67 کھولنے کو کہا جائے گا۔’ڈ‘ پر انگلی پھیرنے اور صوتی آواز بتانے کو کہا جائے گا۔تصاویر پر کے ذریعے ’ڈ‘ کے الفاظ (ڈبہ، ڈنڈا، ڈاکیا، ڈول) بتائے جائیں گے۔کتاب صفحہ 68 پر بچوں سے پوچھا جائے گا ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں۔دی گئی تمام تصاویر کے نام بتائے جائیں گے۔’ڈ‘ کو اس سے بننے والے الفاظ سے ملانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>ہوا میں ’ڈ‘ لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری گیارھواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'ڈ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ڈ' کا تلفظ اورصوتی آواز پہچان سکیں درست ساخت/ بناوٹ سے 'ڈ' لکھ سکیں۔ حرف ڈ سے شروع ہونے والے لفظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ڈ' کا فلیش کارڈ دکھا کراس کا تلفظ،صوتی آواز اوراشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ڈ' کے ذخیرہ الفاظ فلیش کارڈ پی پی ٹی کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے 'ڈ' کے مزید الفاظ (ڈھول، ڈاکٹر، ڈالی) دکھائے جائیں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ ہم ڈاکٹر کے پاس کیوں جاتے ہیں؟ ڈاکٹر ہم کو کیا دیتے ہیں؟ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کون بڑا ہو کر ڈاکٹر بننا چاہتا ہے؟ کس کو ڈاکٹر کے پاس جانا پسند نہیں ہے۔ بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف ڈ کی شکل بنوائے اور بار بار دہرائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کہا جائے گا کہ آج ہم ایک ڈرامہ کریں گے۔ دو بچوں کو منتخب کریں ایک کو ڈاکٹر کا لباس اور ایک کو ڈاکیا کا لباس پہنائیں۔ اب باقی بچے باری باری مریض بن کر آئیں۔ اتنے میں ایک ڈاکیا آتا ہے اور کہتا ہے ڈاکٹر صاحب آپ کی ڈاک آئی ہے۔ بچوں سے ڈاک، ڈاکٹر، ڈاکیا کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ 69 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ڈ' پر پینسل پھیرنے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں 'ڈ' بنوانے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>حرف اوراشیاء<br><br>کتاب صفحہ نمبر 69 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ڈ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری گیارھواں ہفتہ | موضوع: | حرف 'د، ڈ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ڈ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔<br>درست ساخت/ بناوٹ سے 'ڈ' لکھ سکیں۔ حرف 'ڈ' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'داورڈ' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہم 'داورڈ' کی دہرائی کریں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ڈ' سے دادا، دادی کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کون کون اپنے دادا، دادی کے ساتھ رہتا ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آپ کے ابو کے جو امی ابو ہوتے ہیں وہ دادا دادی ہوتے ہیں۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا وہ اپنے دادا، دادی کے ساتھ وقت گزارتے ہیں؟ بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'ڈ' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 70 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'داورڈ' کو درست بناوٹ سے لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'داورڈ' کی صوتی آواز اور اُس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'داورڈ' لکھیں۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | فلیش کارڈ<br>Sand Tray<br>کتاب صفحہ 70<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ڈ' کی پہچان آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کی نشاندہی کرنے پر۔ |